سوال

(76) دیکھا ہے کہ فلاں کام کرنے سے سوحج یا سو شہیدوں کا ثواب ملتا ہے

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اکثر لکھا ہوا دیکھا ہے کہ فلاں کام کرنے سے سوحج یا سو شہیدوں کا ثواب ملتا ہے، تو اس کام کے کرنے سے آدمی حج سے بچ سکتا ہے اور ۹۹ حج کا ثواب دوسروں کو بخش سکتا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس قسم کی روایات جو صحیح ہیں، ان کا مطلب یہ ہے کہ ثواب اتنا ملے گا یہ مطلب نہیں کہ فریضہ حج اس سے ساقط ہو جائے گا، جیسے ایک روایت میں ہے، سورۂ قل ہو اللہ احد ثلث قرآن پڑھنے کے برابر ہے، اس کا یہ مطلب نہیں کہ تلاوت قرآن کی ضرورت نہیں قائم مقامی اور چیز ہے اور اصل چیز اور۔ (فتاویٰ ثنائیہ جلد اول ص ۵۰۹ طبع دہلی ۱۳۷۲ ہجری)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

جلد08 ص88

محدث فتویٰ